ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سندھ پولیس آفس فون 99212639

محکمہ پولیس کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کے لیے تفصیلی سفارشات برائے منظوری طلب

:۔ آئی جی سندھ کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے انتہائی ٹھوس اور مربوط اقدامات اختیار کیے جائیں :۔ آئی جی سندھ

کراچی 04 جون 2014ء :۔ آئی جی سندھ اقبال محمود نے سینٹرل پولیس آفس میں ایک اعلیٰ سطحی ویڈیو کانفرنسنگ اجلاس کی صدارت کے دوران ڈی آئی جی فنانس کو ہدایات دیں کہ محکمہ پولیس کی ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کے لیے تفصیلی سفارشات جلد تیار کی جائیں تاکہ حکومت سندھ کو برائے منظوری ارسال کی جاسکے۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی ایسٹرن زون کراچی، ڈی آئی جیز اسٹیبلشمنٹ، ٹریننگ، اسپیشل برانچ، فنانس، ایس ایس پی جیز لاجسٹکس، ویلفیئر، اسٹیٹ اینڈ مینجمنٹ، ایم ٹی، اور ایس ایس پیز سیکیورٹی، پولیٹیکل، ریجنل اسپیشل برانچ کے علاوہ ویڈیو لنک کے ذریعے زونل ڈی آئی جیز کراچی، سینٹرل حیدرآباد، سکھر، میرپورخاص اور لاڑکانہ نے ڈی آئی جیز نے بھی شرکت کی۔

آئی جی سندھ نے اجلاس میں شریک تمام افسران کو ہدایات دیں کہ کاروکاری، غیرت کے نام پر قتل دشمنیوں اور قبائلی جھگڑوں میں ہونیوالی اموات کی روک تھام کے لیے پولیس قانون کے مطابق اقدامات کو یقینی بنائے اور قانون کی سطح پر قانونی کردار ادا کرتے ہوئے فریقین کے مابین صلح کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں تاکہ ایسے واقعات کے تحت ہونیوالی اموات کا قبل از وقت انسداد یقینی بنایا جاسکے۔

انہوں نے کہا کہ ہونے کے تمام قانون میں درج قتل کے تمام مقدمات کی ڈی ٹیکشن کو یقینی بناتے ہوئے ملوث اور نامزد ملزمان کی گرفتاریوں کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پائی ونر ڈکیتیوں کی روک تھام کے لیے نفاذ قانون کی جانیوالی 48 پولیس موبائلوں کو چاپ موٹر سائیکلیں فراہم کی جارہی ہیں جبکہ چاپ موٹر سائیکلیں مزید بھی جلد ہی فراہم کردی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پائی ونر ڈکیتی کے انسدادی اقدامات کے تحت پائی ونر پولیس پوسٹس کو افرادی قوت، اسلحہ سازوسامان، گاڑیوں و دیگر ضروری سہولتوں کی فراہمی کو ممکن بنایا جائے۔

انہوں نے کہا کہ اضافی حقوق سے متعلق تمام زیرالتواء کیسز کو تیز تر بنیادوں پر جلد مکمل کیا جائے اور تمام کی کیس ٹو کیس فائل پر مشتمل رپورٹ برائے ملاحظہ ارسال کی جائے۔ مزید برآں انہوں نے سندھ بھر میں اقلیتی عبادت گاہوں پر ہونیوالے حملوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاریوں و دیگر ضروری پولیس کارروائیوں پر مشتمل تمام مقدمات کی پروگریس رپورٹ بھی طلب کی۔

ایس ایس پی اسٹیٹ اینڈ مینجمنٹ نے بتایا کہ پولیس ملازمین کے لیے 600 فلیٹس کی تعمیر کے لیے پولیس کی دستیاب اراضی میں سے تین مقامات کا انتخاب کیا گیا ہے جہاں درجہ وار فلیٹس تعمیر کیے جائیں گے۔

اجلاس میں آئی جی سندھ نے کہا کہ پولیس ملازمین کے بچوں کے لیے ٹی اے ایف اور پی ایل پی اسکولز میں داخلوں کا 50 فی صد کوٹہ مقرر ہے لہٰذا کوٹہ پر عمل درآمد کے حوالے سے بھی تفصیلی رپورٹ برائے ملاحظہ ارسال کی جائے۔